اکابر کے مجرّب عملیات

کتب خانہ حسینیہ دیوبند

کتب خانہ حسینیہ دیوبند

اکابرؒ کے مجرّب عملیات

جو دفع بلیات و امراض کے لئے اکسیر ہیں

ناشر

کتب خانہ حسینیہ دیوبند یوپی

۲۴۷۵۵۴

طبع دوم: ۱۴۱۵ھ ۔ ۱۹۹۴ء

قیمت: -/۱۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمداً و صلوٰۃ

جس طرح جسمانی امراض کے لئے اللہ تعالیٰ نے مختلف قسم کی قدیم و جدید دوائیں اور مختلف قسم کے جسمانی علاج انسان کو سکھائے ہیں اسی طرح اس نے اپنے نیک و پرہیزگار بندوں کو روحانی علاج کے بھی کامیاب طریقے بتائے ہیں جن کا مشاہدہ اور تجربہ آئے دن ہوتا رہتا ہے۔

پیش نظر کتاب "ہماری پریشانیاں اور ان کا علاج" کا ایک حصہ ہے جس میں اکابر علماء اور بزرگان دین کے مجرب اور کامیاب عملیات کو افادۂ عام کے لئے کتب خانہ حسینیہ کی جانب سے شائع کیا جارہا ہے، امید ہے کہ روحانی علاج پر یقین رکھنے والے اس سے مستفید ہو کر لوگوں کو نفع پہنچا کر عنداللہ ماجور ہوں گے۔

آپ کا مخلص

قدرالزماں

ناظم کتب خانہ حسینیہ دیوبند

تبرکات

قطب الاقطاب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

ماخوذ از فیوضات ربانیہ

مندرجہ ذیل دعا صبح و شام تین تین بار پڑھی جائے تمام آفات سے حفاظت کے لئے اکسیر ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَحًّا صَحًّا وَحَآ بِحَاحٰمٓ لَا یُبْصِرُوْنَ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْھَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ یَارَبِّ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

یہ دعا ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھی جائے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِكَ اَسْتَعِیْنُ یَا فَتَّاحُ یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ یَا نُوْرُ یَا ھَادِیْ یَا مُبِیْنُ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ

دیگر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰہِ وَاسْتَجَرْتُ بِاللّٰہِ وَاسْتَعَنْتُ بِاللّٰہِ وَلَاحَوْلَ

وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

دیگر برائے دفع وسوسہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ اِنْ یَّشَاْ یُذْھِبْکُمْ وَیَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِیْدٍ وَّمَا ذٰلِكَ عَلَی اللّٰہِ بِعَزِیْزٍ

دیگر برائے فلاح دارین

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ رِضَاكَ دَائِمًا وَالْعَافِیَۃَ عَلٰی دَائِمًا وَالْبَرَکَۃَ الْمَعْنَوِیَّۃَ وَالْحِسِّیَّۃَ دَائِمًا عَلٰی دَائِمًا یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ

دیگر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ مَا مَنَنْتَ بِهٖ فَتَمِّمْهُ یَا اَللّٰہُ وَمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ فَلَا تَسْلُبْهُ وَمَا سَتَرْتَهٗ فَلَا تَهْتِکْهُ وَمَا عَلِمْتَهٗ فَاغْفِرْهُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِوَصْلِكَ مِنْ صَدِّكَ وَبِقُرْبِكَ مِنْ بُعْدِكَ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْكَ فَاجْعَلْنَا مِنْ اَھْلِ طَاعَتِكَ وَوُدِّكَ وَاَھْلًا بِشُکْرِكَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بعض عملیات

از حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

نماز برائے قضائے حاجات

حاجات مشکلہ کے بر آنے کے واسطے چار رکعتیں پڑھے۔ پہلی
رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ
الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی
الْمُؤْمِنِیْنَ کو سو بار پڑھے۔ اور دوسری رکعت میں بعد فاتحہ رَبِّ اِنِّیْ
مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ سو بار پڑھے اور تیسری رکعت
میں بعد فاتحہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ سو
بار پڑھے اور چوتھی رکعت میں بعد فاتحہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ سو بار
پڑھے۔ پھر سلام پھیر کے کہے رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو بار۔

ف: مولانا نے فرمایا کہ امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ
یہ چاروں آیتیں اسم اعظم ہیں کہ جن کے وسیلے سے جو دعا کرے پاوے اور جو
دعا کرے قبول ہو اور مجھ کو تعجب آتا ہے اس شخص سے کہ بواسطہ ان کے دعا
کرے اور قبول نہ ہو۔

فائدہ جلیلہ: حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ نے چار باب میں
فرمایا کہ جو عمل کہ حصول ہر مطلب میں جلالی ہو یا جمالی در حکم کبریت احمر کے ہے
اور اس کو اسم اعظم شمار کیا ہے وہ آیت یہ ہے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ
اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دعا ذوالنون
علیہ السلام کی ہے کہ مچھلی کے پیٹ میں فرمائی جو مسلمان جس مطلب کے واسطے اس
آیت سے دعا کرے گا قبول ہوگی اور حق یہ ہے کہ یہ دعا نہایت مجرب التاثیر اور
کمال سریع الاثر ہے جس امر میں چاہے اس آیت سے دعا کرے اور مشائخ اس کی
سرعت تاثیر اور عدم تخلف پر اجماع اور اتفاق رکھتے ہیں اور طریقہ دعا کا انہوں
نے باقسام متعددہ تحریر کیا ہے۔ آسان تر دو طریقے ہیں ایک یہ کہ بارہ دن تک
بنیت حصول مطلب بارہ ہزار بار پڑھے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو بارہ سو بار پڑھے
اول و آخر درود شریف پڑھ کے اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک لاکھ پچیس ہزار
بار پڑھے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اس کی قوت اور تاثیر میں کوئی شک نہیں اس واسطے
کہ ایسا کوئی عمل نہیں کہ جس کی صحت قرآن شریف سے بھی ہو اور صحیح حدیث سے
بھی اور مشائخ کے اقوال سے بھی۔

اعمال آسیب زدہ

دفع آسیب کا یہ بھی عمل ہے کہ اس کے کان میں سات بار اذان دے اور
سورہ فاتحہ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور آیت الکرسی
اور سورہ طارق یعنی والسماء والطارق اور سورہ حشر کی آیتیں یعنی ھو اللہ الذی سے

آخر تک اور سورہ والصافات بالکل پڑھے، آسیب جل جاوے گا۔

برائے دفع جن از خانہ

دفع آسیب کا یہ بھی عمل ہے کہ پاک پانی پر سورہ فاتحہ اور آیت الکرسی اور پانچ آیتیں اول سورہ جن کی پڑھے اور اس پانی کا اس کے منہ پر چھینٹا مارے کہ ہوش میں آجاوے گا۔ اور جب کسی مکان میں جن معلوم ہو سو اسی پانی سے اس مکان کے نواحی میں چھینٹے مارے سو وہاں پھر نہ آوے گا۔

سورہ جن کی آیات مذکورہ یہ ہیں۔

قل اوحی الی انہ استمع نفر من الجن فقالوا انا سمعنا قرانا عجبا یھدی الی الرشد فامنا بہ ولن نشرک بربنا احدا وانہ تعالی جد ربنا ما اتخذ صاحبۃ ولا ولدا وانہ کان یقول سفیھنا علی اللہ شططا وانا ظننا ان لن تقول الانس والجن علی اللہ کذبا

برائے فرزند

بانجھ عورت کے واسطے ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھے۔ ولو ان قرانا سیرت بہ الجبال او قطعت بہ الارض او کلم بہ الموتی بل للہ الامر جمیعا پھر اس تعویذ کو اس کی گردن میں باندھے اور یہ عمل بھی عقیمہ کے واسطے ہے کہ چالیس لونگوں پر سات بار اس آیت کو پڑھے او کظلمت فی بحر لجی یغشہ موج من فوقہ موج من فوقہ سحاب ظلمت بعضھا فوق بعض اذا اخرج یدہ لم یکد یرھا ومن لم

یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور اور ایک لونگ ہر دن کھاوے اور شروع کرے حیض کے غسل سے فراغت ہونے سے اور انہی دنوں میں اس کا زوج اس سے قربت کرے۔

ف: مولانا نے فرمایا شرط اس عمل کی یہ ہے کہ لونگ رات کو کھاوے اور اس پر پانی نہ پیئے۔

برائے حفاظت حمل

جو عورت بچہ ساقط کر دیتی ہو تو ایک تاگا کسم کا رنگا اس کے قد کے برابر لے اور اس پر نو گرہیں لگادے اور ہر گرہ پر واصبر وما صبرک الا باللہ ولا تحزن علیھم ولا تک فی ضیق مما یمکرون ان اللہ مع الذین اتقوا والذین ھم محسنون اور قل یایھا الکفرون پڑھے اور پھونکے۔

برائے درد زہ

جس عورت کو درد زہ ہو یعنی لڑکا پیدا ہونے کا درد تکلیف دے تو پرچہ کاغذ میں یہ آیت لکھے والقت ما فیھا وتخلت واذنت لربھا وحقت اھیا اشراھیا اور اس پرچہ کو پاک کپڑے میں لپیٹے اور اس کے بائیں ران میں باندھے تو وہ جلد جنے گی۔ میں کہتا ہوں مجھ کو یاد ہے جلال الدین سیوطی کی کتاب در منثور سے بروایت اعمش کہ یہ کلمہ یعنی اھیا اشراھیا جناب موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے معنی اس کے یہ ہیں کہ اے زندہ قبل ہر چیز کے اور اے زندہ بعد ہر چیز کے۔

برائے زنیکہ فرزند نرینہ نزاید

جو عورت سوا لڑکی کے لڑکا جنتی ہو تو حمل پر تین مہینے گزرنے سے پہلے
ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے اس آیت کو لکھے ۔ اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ
کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ
عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّہَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ اور اس آیت کو لکھے یَازَکَرِیَّا
اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلَامِ نِ اسْمُہٗ یَحْیٰی لَمْ نَجْعَلْ لَّہٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا پھر
یہ لکھے ۔ بحق مریم وعیسیٰ ابنا صالحا طویل العمر بحق محمد و آلہٖ
پھر اس تعویذ کو حاملہ باندھے رہے ۔

برائے نظر بد

انہی عزیمتوں سے یعنی جس کی والد ماجد سے اجازت ہے یہ عمل ہے
اس لڑکے کے واسطے جس کو نظر لگانے والی عورت کی نظر لگ گئی اس عورت
کو ڈائن اور ٹھہنائی کہتے ہیں ۔ ایک گول لکیر چھری سے کھینچے آیت الکرسی اور ان
آیتوں کو پڑھتے ہوئے ۔ وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَہَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ
زَہُوْقًا وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ وَیُرِیْدُ اللّٰہُ
اَنْ یُّحِقَّ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَیَقْطَعَ دَابِرَ الْکٰفِرِیْنَ لِیُحِقَّ الْحَقَّ وَیُبْطِلَ
الْبَاطِلَ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ وَیَمْحُ اللّٰہُ الْبَاطِلَ وَیُحِقُّ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ اِنَّہٗ
عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ پھر یہ دعا پڑھے ۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ
مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّہَامَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَّامَّۃٍ یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ

یَا کَفِیْلُ فَسَیَکْفِیْکَہُمُ اللّٰہُ وَہُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
پھر چھری کو کنڈل کے اندر گاڑے اور کہے کہ میں نے چھری گاڑ دی نظر
لگانے والے کے دل میں، پھر اس کو ڈھانک دے رکابی کے نیچے ۔

برائے گم شدہ

جس کی کوئی چیز کھو جاوے تو کہے یَا حَفِیْظُ ایک سو انیس بار بدون
زیادتی اور کمی کے پھر یہ آیت یٰبُنَیَّ اِنَّہَا اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ
فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِہَا اللّٰہُ ایک سو
انیس بار پڑھے گا تو حق تعالیٰ اس کی گم ہوئی چیز کو اس کے پاس پھر لادے گا۔

برائے حاجت

اور جب تو ارادہ کرے کہ حق تعالیٰ تیری مراد بر لاوے سو سورۃ فاتحہ کو
پڑھ اس طرح کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے میم کو الحمد للہ کے لام سے ملا دے ۔
یکشنبہ کے دن سے فجر کی سنت اور فرض کے درمیان شروع کرے ستر بار اور
دوسرے دن اسی وقت ساٹھ بار اور تیسرے دن پچاس بار، اسی طرح ہر روز دس
بار کم کرتا جاوے یہاں تک کہ ہفتہ کے دن دس بار پڑھے ۔

برائے حل مشکلات

اور جب تو چاہے کہ اپنے خواب میں وہ حال دیکھے جس میں تیری نکاسی ہے
اس تنگی سے جس میں تو مبتلا ہے تو وضو کر اور پاک کپڑے پہن اور قبلہ رو داہنی
کروٹ پر لیٹ اور سورۃ والشمس کو سات بار اور سورہ واللیل کو سات بار اور

قل ہو اللہ کو سات بار پڑھ اور دوسری روایت میں قل ہو اللہ کے عوض
سورہ والتین کا سات بار پڑھنا آیا ہے۔ پھر یوں کہے۔ خداوندا مجھ کو میرے
خواب میں ایسا اور ایسا دکھلادے اور میرے اس حال میں کشادگی اور نکاسی
کردے اور میرے خواب میں وہ چیز دکھادے جس سے میں اپنی دعا کے قبول ہوجانے کو
دریافت کرجاؤں۔ تو اگر تو اسی رات میں وہ چیز خواب میں دیکھے جس کو تو چاہتا
ہے تو خوب ہوا، اور نہیں تو اسی طرح دوسری رات کو کر، سو اگر مطلب حاصل ہوا
تو فہو المراد اور نہیں تو تیسری رات بھی اسی طرح کر ساتویں رات تک انشاء اللہ
ساتویں رات کے آگے نہ بڑھے گا کہ حال کھل جاوے گا۔ اس عمل کو ہمارے
مصاحبین نے تجربہ کیا ہے۔

برائے صرع

اور جو مرگی میں مبتلا ہو تو تانبے کا ایک پترلے سو اس میں یکشنبہ کی پہلی
ساعت میں اس پتر کے ایک کنارے پر یہ نقش کرے یَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ
لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ اور دوسرے کنارے پر یہ نقش کرے یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ
عَنِیْدٍ بِقَهْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِهٖ اور یہ نقش مریض کے گلے میں پہنائیں۔

تسکین قلب اور نیند کے لئے

بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا کو ایک سو ستر مرتبہ پڑھے انشاء اللہ
قلب کو سکون حاصل ہوگا اور نیند آجائے گی

مفتی دین محمد خاں صاحب

مجربات

حضرت الحاج سید عابد حسین صاحب دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ

برائے فراخی رزق

مندرجہ ذیل عمل خلوص نیت اور حضور قلب کے ساتھ بعد نماز فجر
ادا کیا جائے یہ عمل حصول مقصد کے لئے تیر بہدف ہے لیکن اکل حلال اور
صدق مقال نیز ظاہری و باطنی طہارت ضروری ہے۔

درود شریف گیارہ مرتبہ سورہ فاتحہ مع بسم اللہ اکتالیس مرتبہ بعد ازاں
اکتالیس بار یہ دعا پڑھی جائے۔

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لِیْ اَبْوَابَ رِزْقِكَ

مذکورہ دعا کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

تعویذ برائے تپ و لرزہ

ہاروت	ہاروت	گس	ل
ماروت	ماروت	فع	ف
۲۵۸	۸۶،	یاشافی	یاکافی

یاشافی الامراض شفاعطا فرمامریض کو تپ ولرزہ وغیرہ سے

مندرجہ تعویذ کو اس طرح پہنایا جائے کہ اس کے گلے سے ملا ہوا رہے

برائے درد سر

ازالہ دردسر کے لئے چودہ مرتبہ یَا وَهَّابُ ایک سانس میں پڑھ کر دم کرے اور پیشانی ہاتھ سے پکڑے رہے، دردسر جاتا رہے گا۔

مفتی دین محمد خاں صاحبؒ

مجربات

حضرت مولانا رفیع الدین صاحب قدس سرہٗ مہاجر مدینہ

مہتمم دارالعلوم دیوبند

از: الطاف ربّانیہ

نقش برائے فتح مقدمہ و تسخیر حکام

۷۸۶

۱	۹۷	۹۴	۸
۹۵	۷	۲	۹۶
۶	۹۲	۹۹	۳
۹۸	۴	۵	۹۳

یااللہ جل جلالہٗ برکت ایں نقش ہر بلا دفع شود جملہ حکام مسخر شوند

برائے دردزہ

ب	ز
ط	ھ
د	ج

مندرجہ بالا تعویذ لکھ کر حاملہ کے ہاتھ میں دیدیا جائے انشاءاللہ فوری طور پر بچے کی ولادت ہوگی۔

برائے حفاظت اطفال و بندش گریہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ

الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ الْعَقَارِ وَمِنْ شَرِّ حَرْقِ النَّارِ

مندرجہ بالا عبارت لکھ کر تعویذ بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ بچوں کی حفاظت وغیرہ کے لئے نہایت نفع بخش اور مفید ہے۔

بچوں کو شرارت اور بدخوئی سے باز رکھنے کے لئے

مندرجہ ذیل تعویذ گلے میں پہنائیں

ططططط ھی ھی ھی ھی ھی

قدوس قدوس قدوس قدوس

قدوس قدوس باسم فلاں ابن فلاں

نوٹ: باسم فلاں ابن فلاں کے بجائے بچے اور اس کی والدہ کا نام تحریر کیا جائے

برائے حصول فرزند

مندرجہ ذیل نقش کاغذ کے سات ٹکڑوں پر تحریر کیا جائے، ہر روز ایک تعویذ شکر کے ساتھ کھلایا جائے باوضو ہونا شرط ہے۔ یہ نقش حضرت شیخ فریدالدین مسعود جودھنیؒ کی جانب منسوب ہے اور اسے تیر بہدف بتایا گیا ہے۔

سرجمع سر سر جمع	سر سر سر جمع

عملیات

از حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ
صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند

برائے حل مشکلات

اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ کَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمَانَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَھَا اَنْتَ تَرْحَمُنِیْ فَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَۃٍ تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ

دیگر

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ قُلْتَ فِیْ کِتَابِکَ الْحَقِّ اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ اِنَّہٗ کَانَ غَفَّارًا یُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْکُمْ مِّدْرَارًا وَیُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ وَّ بَنِیْنَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اور لفظ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ سو مرتبہ دہرائے، یہ عمل نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد انجام دے۔

احتمال قوی بلکہ یقین کامل ہے کہ یہ دعا بھی انہی دعاؤں میں سے ہے جن کی قبولیت کا وعدہ کیا گیا ہے۔ لہذا دونوں دعاؤں پر مواظبت کرنا چاہیئے۔

برائے حب

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ

مذکورہ آیت سات سو مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کرے اور مطلوب کو کھلاوے۔ اول و آخر درود شریف۔

برائے ادائے قرض

سورہ الم نشرح اکہتر مرتبہ روزانہ وقت مقررہ پر پڑھی جائے۔

ظالم و جابر دشمن پر غلبہ کے لئے

وقت ضرورت مندرجہ ذیل دعا، اول و آخر درود شریف ایک سو گیارہ مرتبہ نماز عشاء کے بعد پڑھے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْقَادِرِ الْقَاھِرِ الْقَائِمِ الْکَافِیْ اَعُوْذُ مِنْ شَرِّ عَدُوٍّ ھُوَ قَوِیٌّ مِّنِّیْ بِرَبٍّ ھُوَ اَقْوٰی مِنْہُ

برائے حفظ از اسقاط حمل

اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو یا مردہ بچہ تولد ہوتا ہے یا پیدائش کے بعد ہی فوت ہو جاتا ہے تو اس آیت کریمہ کو کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر اس عورت کے پیٹ پر باندھیں اور جب بچہ پیدا ہو فوری طور پر یہ تعویذ اس کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ اگر حمل تین ماہ سے زائد کا ہو چکا ہو تو یہ تعویذ نہ دیا جائے گا۔

حصول مراد کے بعد بقدر استطاعت شیرینی تقسیم کرکے

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے لئے ایصال ثواب کردے۔

آیات کریمہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً قَالُوْا لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ

برائے حب

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

اڑتالیس ہزار مرتبہ زکوٰۃ کے واسطے پڑھے، دن اور روزے وغیرہ کی قید نہیں ہے مگر باوضو رہنا اور وقت معین پر پڑھنا ضروری ہے، اسی طرح گفتگو بھی نہ کرے۔ ادائیگی زکوٰۃ کے بعد روزانہ کچھ وظیفہ مقرر کرلے۔ کم از کم سات بار، عندالضرورت سات ڈلی مصری کی لے اور اس پر پڑھ کر دم کرے اور طالب و مطلوب کے نام اور ان کے والدین کے نام بھی ہر بار میں پڑھے اور مطلوب کو کھلاوے۔ صاحب زکوٰۃ اگر اپنے مرتبہ کی بلندی چاہتا ہے تو سات مرتبہ پڑھ کر مطلوب کے سامنے جائے انشاء اللہ مسخر ہوگا۔

برائے کشائش رزق

یَا وَهَّابُ ایک ہزار چار سو چودہ مرتبہ پڑھ کر ایک سو مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

يَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

کشائش رزق کے حق میں اس وظیفے کو کیمیائے درویشاں سے ملقب کرتے ہیں۔

برائے ازالۂ سحر

اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو اور کسی طرح دور نہ ہوتا ہو تو مندرجہ ذیل دعاء اور اسماء کو مشک و زعفران سے چینی کے پیالے میں یا کسی کٹورے میں تحریر کریں اور دھو کر پلائیں انشاء اللہ فوری طور پر افاقہ ہوجائے گا۔ دعاء یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَعَظَمَةُ اللّٰهِ وَبُرْهَانُ اللّٰهِ وَصُنْعُ اللّٰهِ وَبَطْشُ اللّٰهِ وَكِبْرِيَاءُ اللّٰهِ وَجَلَالُ اللّٰهِ وَكَمَالُ اللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

جلیوس ملیوس ایراوس منطوس وملتومانس افنارو ماذرنا درونا اخنوس برحمتك يا ارحم الراحمين

سات روز تک یہ عمل کیا جائے۔

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:
اگر کسی کو کوئی مہم پیش آئے تو سورہ یٰسین پڑھے
اور ہر مبین پر پہنچ کر سات بار سورہ فاتحہ مع تسمیہ
اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھے۔

(آثار البرکۃ)

عملیات

حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ محدث دار العلوم دیوبند

تَعْوِیْذُ جَوَاھِرُ الْاَکْسِیْرُ

۷۸۶

۴۴۰	۴۵۳	۴۵۰	۴۴۷
۴۵۱	۴۴۶	۴۴۱	۴۵۲
۴۴۵	۴۴۸	۴۵۵	۴۴۲
۴۵۴	۴۴۳	۴۴۴	۴۴۹

مندرجہ بالا تعویذ مختلف مقاصد کے لئے ہے، اگر کوئی مریض ہو تو ایک تعویذ سات کنوؤں کے پانی سے دھو کر سات یوم پلانے کے لئے دیا جائے اور ایک تعویذ گلے میں باندھنے کے لئے اور اگر مرض طویل ہے تو اکیس روز پلانے کے لئے تین تعویذ دیے جائیں۔

ام الصّبیان، اختلاج قلب اور تپ دق کی صورت میں تعویذ

پر تین عدد سچے موتی (مروارید ناسفتہ) رکھ کر تعویذ کو روئی میں لپیٹے، بعد ازاں کپڑے میں سی کر گلے میں باندھ دیں۔ سات روز پینے کے لئے صرف ایک تعویذ زعفران یا سیاہی سے لکھ کر دیں یا اکیس روز پلانے کے لئے تین تعویذ دیں۔

ہر قسم کی بواسیر کے لئے یہ تعویذ ہرن کی سفید اور کاغذ کی طرح باریک جھلی پر لکھ کر جمعرات کے دن دائیں بازو پر باندھے۔ دوسری جمعرات کو دائیں بازو سے کھول کر بائیں بازو پر باندھ دے۔ یہ عمل سات جمعرات تک کیا جائے گا۔ ساتویں جمعرات کو تعویذ داہنے بازو پر آجائے گا۔ اس کے بعد نہ بدلا جائے اور بندھا رہنے دے۔

یہ تعویذ جب کسی مرض کے لئے دیا جائے تو اس کے نیچے تحفظہ وتشفیہ من الاسقام تحریر کردے۔ حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا یہی معمول تھا۔

اس تعویذ کو اگر حب کے لئے دیا جائے تو تعویذ کے نیچے اس طرح تحریر کرے۔ اَللّٰھُمَّ قَلِّبْ .... عَلٰی حُبِّ .... یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ، نقطوں کے بجائے قَلِّبْ کے بعد مطلوب اور اس کی ماں کا نام اور عَلٰی حُبِّ کے بعد طالب اور اس کی ماں کا نام لکھے۔ اگر یہ تعویذ فتح مقدمہ یا حصول ملازمت کے لئے ہو تو پانی کے کنارے کھڑے ہو کر دوشنبہ یا جمعرات کے روز یہی تعویذ سبز کپڑے

میں سی کر دائیں بازو پر باندھے اور آٹے کی سات گولیاں بنا کر پانی میں ڈال دے۔ جب اس مقصد سے تعویذ لکھا جائے تو اس کے نیچے یہ عبارت تحریر کرے۔

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ .... وَعَزِّزْہُ وَارْزُقْہُ وَکُنْ لَہٗ نَصِیْرًا

لفظ ارْحَمْ کے بعد نقطوں کے بجائے اس شخص کا نام تحریر کرے جس کے لئے تعویذ لکھا گیا ہے۔

استقرار حمل کے لئے یہ تعویذ زعفران سے لکھ کر ناف پر لٹکایا جائے۔

برائے قوت حافظہ

مندرجہ ذیل آیت زعفران سے چینی کی تشتری پر تحریر کرے اور جمعہ کے روز طلوع آفتاب سے قبل اس کو پانی سے دھو کر اور اس میں ایک قطرہ شہد ڈال کر پیا جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَکَذٰلِکَ اَوْحَیْنَا اِلَیْکَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا کُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْکِتَابُ وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰکِنْ جَعَلْنٰہُ نُوْرًا نَّھْدِیْ بِہٖ مَنْ نَّشَاءُ

برائے اضافہ شیر

دودھ میں اضافہ کے لئے زیرہ سفید پر چالیس مرتبہ سورۂ کوثر اور چالیس مرتبہ یَا رَزَّاقَ الطِّفْلِ الصَّغِیْرِ پڑھ کر دم کرے اور عورت کو کھانے کے لئے دے۔

تعویذ برائے افزائش رزق و مشاہرہ

۷۸۶

۱۱۴	۹۴	۱۲۲
۱۱۸	۱۱۰	۱۰۲
۹۸	۱۲۶	۱۰۶

مندرجہ بالا تعویذ دائیں بازو پر باندھنے کے لئے دیا جائے۔

برائے دفع آسیب (معمولی)

ایک تعویذ باندھے اور ایک تعویذ کو چراغ میں بطور فلیتہ روشن کرے۔

ح ۸	و ۶	د ۴	ب ۲
ب ۲	د ۴	و ۶	ح ۸
و ۶	ح ۸	ب ۲	د ۴
د ۴	ب ۲	ح ۸	و ۶

برائے درد سر

۷۸۶

۱۶	۱۱	۱۸
۱۷	۱۵	۱۳
۱۲	۱۹	۱۴

ھ ھ ھ ھ ھ ھ ھ

ے ے ے ے ے ے ے

یہ تعویذ سر میں باندھا جائے

برائے حفاظت حمل

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

اگر اسقاط کا اندیشہ ہو تو یہ تعویذ حاملہ کی ناف پر باندھا جائے۔

معمولات

مفتی عزیز الرحمٰن صاحب عثمانی قدس سرہٗ مفتی اعظم دار العلوم دیوبند

عطیہ جناب مولانا ابراہیم صاحب کراچوی
خلیفہ حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ
باجازت جناب نور الحق صاحب دفتری مرحوم
نبیرہ مولانا رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

برائے درد سر

۷۸۶

ھو	ھو
ھو	ھو

تعویذ کو کپڑے میں لپیٹ کر سر پر باندھے

برائے تپ و لرزہ

ططططططططط

عـــــــــــــه

مذکورہ نقش مریض کے گلے میں باندھے جس وقت سردی سے بخار شروع ہو اس وقت ایک تعویذ پانی میں گھول کر پلائیں اور جب لرزہ پوری شدت پر پہنچ جائے اس وقت دوسرا تعویذ گھول کر پلادے۔ تیسرا تعویذ لرزہ ختم ہونے کے بعد پلایا جائے۔ پھر دوسرے روز اسی طرح تین تعویذ لکھ کر گلے میں باندھ دے۔ اول تو انشاء اللہ بخار نہیں چڑھے گا لیکن اگر بخار کی نوبت آئے تو تینوں تعویذ حسب ترکیب مذکورہ گھول کر پلادے۔ اس طرح تین روز عمل کرے۔ انشاء اللہ پہلے ہی روز کامیابی ہوگی۔ اگر اول وہلے ہی میں بخار سے نجات مل جائے تو تعویذوں کو گلے میں بندھا رہنے دے۔ بعد ازاں ان کو کسی جنگل کے کنویں یا دریا وغیرہ میں ڈال دے۔

تبرکات

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ

ماخوذ و مستفاد از مکتوبات شیخ الاسلامؒ

برائے حفاظت از اعداء

دشمنوں سے محفوظ رہنے کے لئے فجر کی سنت اور فرض کے درمیان چالیس دفعہ سورہ فاتحہ اول و آخر درود شریف تین بار پڑھ لیا کرے۔

برائے دفع سحر

(۱) اول کھانے کے نمک کو پیس کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیت ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر پھونکیے اور کھانے میں صرف یہی نمک ملا کر دیا کیجیے چالیس دن تک متواتر ایسا ہی کھانا کھلایا کرے جس میں یہی نمک ڈالا گیا ہو۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ یا تو اس (سحرزدہ) کا کھانا علیحدہ پکایا جائے اور اس میں یہ نمک ڈالا جائے یا گھر میں جو سالن پکتا ہے اس میں ابتدا ہی سے نمک نہ ڈالا جائے اور جب سالن پک جائے تو مریض کے لئے کھانا نکال کر پڑھا ہوا نمک ملا دیوے اور گھر کے کھانے میں بے پڑھا ہوا نمک

حسب عادت ڈال دیا جائے۔ آیت حسب ذیل ہے۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ

(۲) جاری پانی (دریا یا نہر کا) یا سات کنوؤں کا پانی ایک گھڑا بھر کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیت گیارہ مرتبہ اور سورہ فلق اور سورہ ناس گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور مریض کو اس پانی سے تین گھونٹ پلائیں اور باقی ماندہ پانی سے سر پر پانی ڈال کر نہلائیں۔ بلاناغہ یہی عمل کرے۔ آیات یہ ہیں۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِنَّ مَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى

یہ عمل اتوار کے دن شروع کیا جائے۔ جاڑے میں دوپہر کو نہلایا جائے۔

برائے حل مشکلات

ختم سورہ یٰسین کی ترکیب یہ ہے کہ جمعہ کی شام کو شب شنبہ میں بعد
از مغرب یا بعد از عشاء بعد بسملہ لفظ یٰسٓ گیارہ مرتبہ پڑھ کر بارہویں
دفعہ یٰسٓ سے مُّبِيْن اول تک پھر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
پڑھ کر لفظ یٰسٓ گیارہ مرتبہ پڑھ کر لفظ یٰسٓ سے دوسرے مُّبِيْن تک
پڑھے۔ پھر اسی طرح ہر مُّبِيْن پر پڑھتے رہیں۔ آخر مُّبِيْن کے بعد ختم سورہ
تک پڑھ کر ثواب سلطان اول کو بخشیں اور دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ ان کے
طفیل میں حاجت موجودہ کو پوری کردے۔ دوسرے دن دوسرے سلطان
کے لئے اسی طرح ثواب بخشے اور دعا کرے۔ ان کے نام حسب ذیل ہیں۔

۱۔ حضرت ابراہیم ادہمؒ۔ ۲۔ حضرت بایزید بسطامیؒ۔ ۳۔ حضرت
قاضی سنجر محمد حسینؒ۔ ۴۔ حضرت احمد خضرویہؒ۔ ۵۔ حضرت اسمٰعیل سامانیؒ
۶ حضرت ابوسعید ابوالخیرؒ۔ ۷۔ حضرت سلطان محمود غزنوی رحمہم اللہ تعالیٰ۔

اسی طرح ہمیشہ اس عمل کو جاری رکھے انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

گمشدہ چیزوں کی بازیابی کے لئے

سورہ والضحیٰ سات مرتبہ پڑھے پھر اپنے اوپر انگشت شہادت
پھرائیں اور سات مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات کہے۔
اصبحت فی امان اللہ وامسیت فی جوار اللہ وامسیت فی

امان اللہ واصبحت فی جوار اللہ پھر دستک دے ہر صبح وشام کو
تا واپسی مفرور یا ضائع شدہ عمل میں لائے۔

برائے حل مشکلات

یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع قضائے حاجات مہمہ کے
لئے روزانہ بارہ سو مرتبہ پڑھے اول وآخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے۔
اور اگر کسی مریض کی شفاء مقصود ہو تو بالخیر کی جگہ بالشفاء پڑھے اور
اگر کسی دشمن کا مقہور ہو تو بالخیر کی جگہ بالقہر پڑھے۔

بہتر یہ ہے کہ اولاً اس مبارک اسم کی زکوٰۃ دے دی جائے اور اس کا
طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کو نہا دھو کر رات میں عشاء کے بعد سات
ہزار مرتبہ پڑھے اور چالیس دن تک برابر اس کو جاری رکھے۔
اس کے بعد روزانہ کم از کم ایک ہزار ایک سو پچیس مرتبہ ہمیشہ بلاناغہ
پڑھا کرے انشاء اللہ تمام مشکلات حل ہوتی رہیں گی اور مقاصد پورے
ہوتے رہیں گے۔

عمل برائے فراخی رزق

تہجد کے وقت اولاً دو رکعت نفل بہ نیت وسعت رزق پڑھے۔
پہلی رکعت میں بعد از فاتحہ سورہ لایلف پچیس مرتبہ اور دوسری رکعت
میں بعد از فاتحہ سورہ اذا جاء نصر اللہ پچیس مرتبہ پڑھے۔ سلام پھیرنے

کے بعد درود شریف سو مرتبہ پڑھ کر کھڑے ہو کر یَا وَهَّابُ ایک ہزار چار سو چودہ مرتبہ خشوع کے ساتھ پڑھا کرے۔ اگر کھڑے ہو کر پڑھنے میں معذوری ہو تو بیٹھ کر پڑھے۔ اس نماز پر مداومت کرے۔ مسواک کرنے میں سستی نہ کرے ہر وضو کے ساتھ مسواک کیا کرے۔

برائے ملازمت

اگر کسی عہدے کے لئے کثیر درخواستیں گزر چکی ہوں اور کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسی کی درخواست منظور ہو تو تین روز تک مندرجہ ذیل آیت سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی

نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّنْ نَّشَاءُ
وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ

مفتی دین محمد خانصا

خواص آیات

از حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

مستفاد از اعمال قرآنی

تسخیر

خاصیت:۔ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝

جس سے حاکم ناراض وخفا ہو وہ اس آیت کو پڑھا کرے یا لکھ کر بازو پر باندھ لیوے انشاءاللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہوجائیگا۔

حب

خاصیت: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّ اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ؕ

جس کا شوہر ناراض ہو اس آیت کو شیرینی پر پڑھ کر کھلا دے انشاءاللہ مہربان ہو جائیگا۔ مگر واضح ہو کہ ناجائز محل میں ہرگز اس کا اثر نہ ہوگا۔

حفاظت

خاصیت: اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ تا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ جو شخص یہ آیتیں شب کو پڑھ کر سورہے تو انشاءاللہ تعالیٰ چور اور ہر شے سے محفوظ رہے گا۔

برائے تونگری

خاصیت: ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً تا وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۔ کشائش رزق کے لئے ان آیتوں کو ابتداء مہینے کے جمعہ سے چالیس جمعہ تک بعد مغرب کے گیارہ مرتبہ پڑھے اور اس دوسری آیت یعنی وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ کو ہر جمعہ کے بعد کاغذ پر لکھ کر کنویں میں ڈالا جاوے۔ امید قوی ہے کہ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل سے غنی و تونگر ہو جائیگا۔

قبولیت دعاء

خاصیت: اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ تا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نماز تہجد کے بعد اس رکوع کو پڑھا کرتے تھے اس سے بڑھ کر اور کیا فضیلت ہوگی کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس کو پڑھا کرتے تھے اس وقت پڑھ کر جو دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ پوری ہوگی۔

شفاء

خاصیت: فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـئًا مَّرِيْٓـئًا اس آیت سے حضرت علی رضی اللہ عنہ

نے ایک عجیب دعا استنباط فرمائی ہے وہ یہ ہے کہ جو شخص اپنی زوجہ کو دین مہر میں سے کچھ نقد رقم دے اور وہ عورت اس زر نقد کو لے کر پھر اپنے شوہر کو بخش دے۔ اس زر نقد سے شہد خرید کیا جائے اور اس میں بارش کا پانی ملا کر جس مریض کو پلایا جاوے انشاءاللہ تعالیٰ ضرور شفا پائیگا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

ہول دل

خاصیت: لِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ۔ یہ آیت ہول دل کے لئے نہایت مجرب ہے اس کو لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں اس طرح لٹکاوے کہ وہ تعویذ عین قلب پر رہے بلکہ اس کو کپڑے یا دھاگے سے باندھ دے تاکہ قلب سے نہ ہٹنے پائے۔

حب

خاصیت: هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ۔ محبت کے لئے شیرینی پر دم کر کے کھلاوے۔ دلی محبت انشاءاللہ تعالیٰ ہو جاوے گی۔

حصول شفاعت

خاصیت: لَقَدْ جَآءَكُمْ سے هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ تک۔ جو کوئی ان آیتوں کو ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھا کرے تو انشاءاللہ تعالیٰ روز حشر

میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی شفاعت فرمائیں گے اور جس مصیبت اور مہم کے لئے چاہے پڑھے انشاء اللہ مصیبت آسان ہو جائے گی۔

بدخوابی

خاصیت: لَهُمُ الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ ۗ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۗ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ؕ جس شخص کو بدخوابی ہوتی ہو اور پریشان خواب دیکھتا ہو وہ اس کو گلے میں ڈالے یا سوتے وقت پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ خواب بد سے محفوظ رہے گا۔

ازالۂ سحر

خاصیت: فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۗ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ سحر کے لئے بہت مجرب ہے جس پر کسی نے سحر کیا ہو ان آیتوں کو لکھ کر گلے میں ڈال دے یا طشتری پر لکھ کر پلادے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جاوے گی۔

ازالۂ خوف

خاصیت: فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا الخ جس کو دشمن کا خوف ہو یا کسی اور طرح کی بلا و مصیبت کا خوف ہو وہ اس کو کثرت کے ساتھ پڑھا کرے انشاء اللہ دشواری دور ہو جاوے گی۔

حفاظت حمل

خاصیت: اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۗ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ؕ اگر حمل گر جانے کا خوف ہو یا حمل نہ ٹھہرتا ہو اس آیت اور اوپر والی آیت ان دونوں کو لکھ کر عورت کے رحم پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا اور اگر نہ ٹھہرتا ہو گا تو قرار پائے گا۔

آسمانی برق سے حفاظت

خاصیت: وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ رعد اور برق کے وقت اس کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔

شیر یا کتے سے حفاظت

خاصیت: وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ اگر راستہ میں کوئی شیر یا کتا حملہ کرے اور شور مچائے تو فوراً اس آیت کریمہ کو پڑھ لے چپ ہو جاوے گا۔

برائے اولاد

خاصیت: رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ جس کو اولاد سے مایوسی ہو نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ صاحب اولاد ہو جائیگا۔ یہ دعا زکریا علیہ السلام کی ہے۔

برائے آسیب

خاصیت: اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ

الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا
حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۝ جس شخص کو آسیب آتا ہو ان آیتوں کو تین بار پڑھ کر منہ
پر چھینٹا مار دیوے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً آرام ہو جائے گا۔

زہریلے جانور

خاصیت: وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝ اگر کسی کو زہریلا جانور
کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتا رہے۔ ایک سانس میں سات مرتبہ
پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جاوے گی۔

برائے مفرور

خاصیت: اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَادُّكَ اِلٰى مَعَادٍ
دو رکعت نفل پڑھ کر اس آیت کریمہ کو ایک سو انیس مرتبہ چالیس روز تک
پڑھے برکت اس کے جو شخص بھاگ گیا ہو واپس آوے۔

ظالم کو دفع کرنے کے لئے

خاصیت: وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ
اگر کسی شریر ظالم کو شہر سے نکالنا ہو تو ہر روز سات سرخ گھونگچی پر ایک بار
سات دن تک پڑھے اور ہر روز پڑھ کر اس گھونگچی کو کنوئیں میں ڈالتا جائے
انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص اس شہر سے جلد چلا جائیگا۔

اس عمل میں ترک حیوانات لازم ہے مگر اس کو ناجائز جگہ پر عمل نہ کرے
ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

آیات شفاء

خاصیت: وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ
يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ
وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِذَا
مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ

ان آیات شفاء کو جس مرض میں چاہے طشتری پر لکھ کر مریض کو پلائے
یا تعویذ لکھ کر گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی اگرچہ
کیسا ہی سخت مرض ہو۔

برائے بصارت

خاصیت: فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ
اس آیت کو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے آنکھوں پر
لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بصارت میں کمی نہ ہوگی بلکہ جس قدر نقصان ہو گیا
ہوگا وہ جاتا رہے گا۔

فاقہ سے حفاظت

خاصیت: پوری سورہ واقعہ حدیث میں ہے کہ جو شخص اس سورہ کو
رات کے وقت ایک مرتبہ پڑھا کرے وہ کبھی بھوکا نہ رہے گا۔

دردِ سر

خاصیت: لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ جس کو دردسر

ہو اس پر تین دفعہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

خاصیت: هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

اسم اعظم اس میں مخفی ہے، جو کوئی صبح کے وقت سات مرتبہ پڑھے تو شام تک اس کے واسطے فرشتے دعاء مغفرت کریں اور اگر اس دن میں مرے تو شہید کا درجہ پائے گا۔ اور اگر شام کو پڑھے تو صبح تک اس کے واسطے فرشتے دعاء مغفرت کریں اور جو اس شب کو مرے تو درجہ شہادت پائے۔

خاصیت: وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا

فراخی رزق کے لئے اور جس مہم میں چاہے اس کو پڑھا کرے انشاء اللہ تنگ دستی دور ہو جائے گی اور مہم آسان ہوگی۔

خاصیت: ن اور جتنے مقطعات حروف قرآن شریف میں ہیں ان سب کو انگشتری پر کندہ کرا کر جو شخص اپنے پاس رکھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی سب حاجتیں پوری ہوں گی اور خیر خوبی سے بسر ہوگی۔

خاصیت: اگر پوری سورہ نوح سوتے وقت پڑھ لی جائے تو احتلام سے محفوظ رہے گا۔

خاصیت: پوری سورہ مزمّل کشائش رزق کے لئے بہت ہی مفید ہے

اس کی ترکیب یہ ہے کہ ایک چلہ تک ہر روز وقت معین پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر گیارہ سو گیارہ مرتبہ یَا مُغْنِیْ پڑھے۔ بعدہٗ گیارہ مرتبہ سورہ مزمّل کو پڑھے اور آخر میں بھی گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لے۔ جو اس عمل کو کرے گا اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی طرح طرح امداد فرمائیں گے۔

خاصیت: پوری سورہ عَبَسَ وَتَوَلّٰی جو شخص کسی عمل کے وقت اس سورہ کو پڑھ لے تو انشاء اللہ وہ اس عمل کی رجعت سے محفوظ رہے گا۔

خاصیت: اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَ اِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ

ان آیتوں کو لکھ کر ولادت کی آسانی کے لئے بائیں ران میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بہت آسانی سے ولادت ہوگی۔ مگر بعد ولادت تعویذ کو فوراً کھول دینا چاہیے۔

اور اسی عورت کے سر کے بال کی دھونی مقام خاص پر دینا مفید ولادت ہے۔

خاصیت: پوری سورہ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ جو شخص وضو کے بعد آسمان کی طرف نظر کر کے پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بصارت میں کبھی کمی نہ ہوگی۔

عملیات

ازحضرت مولانا اعزاز علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ شیخ الادب والفقہ دارالعلوم دیوبند

عطیہ جناب مولانا ریاست علی صاحب بجنوری استاذ دارالعلوم دیوبند

برائے حب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رب انی مغلوب فانتصر

بحب فلاں بفلاں

لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظٰلمین

بہم ام بمر بہمسہ بحہ بہم ۱۱۲۱۱

نوچندی منگل کی پہلی ساعت میں لکھا جاتے اور روئی میں لپیٹ کر طالب

باندھ کر مطلوب کے پاس جاوے۔

نوٹ: بحب فلاں بفلاں کے بجائے طالب و مطلوب کے نام تحریر کئے جائیں۔

برائے گمشدہ چیز و شخص

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

کوری ٹھکری پر یہ نقش لکھے اور دوسری طرف چیز یا شخص کا نام لکھے دو پتھروں کے درمیان کونڈے سے بند کر کے رکھ دے کامیابی ہوگی۔

ایک نایاب تعویذ

(از بعض عارفین)

جو شخص اس نقش کو اپنے پاس موم جامہ کر کے رکھے اگر قتل و غارت گری ہو رہی ہوگی اور وہاں سے گزرے گا تو کوئی دشمن انشاء اللہ تعالیٰ نظر اٹھا کر نہ دیکھے گا اور ہر مقصد میں اس کی برکت سے کامیابی ہوگی۔ اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے مرد سید ھے

بازو پر، عورت الٹے بازو پر اور گلے میں ڈالے تب بھی کوئی حرج نہیں۔ مجرب المجرب ہے، وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۶۱۸	۱۶۵۶۲۱	۱۶۵۶۲۵	۱۶۵۶۱۱
۱۶۵۶۲۴	۱۶۵۶۱۳	۱۶۵۶۱۷	۱۶۵۶۲۲
۱۶۵۶۱۳	۱۶۵۶۲۷	۱۶۵۶۱۹	۱۶۵۶۱۶
۱۶۵۶۲۰	۱۶۵۶۱۵	۱۶۵۶۱۴	۱۶۵۶۲۶

عملیات

از حضرت شیخ محمد محدث تھانوی رح

برائے حصول مقصد

یہ دعا چالیس روز تک طلوع آفتاب کے وقت تین ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اتوار کے دن سے یہ عمل شروع کرے۔ سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَوَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ يَا سُبْحَانُ

برائے ادائیگی قرض

يَا كَبِيْرُ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا تَهْتَدِي الْعُقُوْلُ بِوَصْفِ عَظَمَتِهٖ يَا كَبِيْرُ۔ دس ہزار مرتبہ روزانہ وقت مقررہ پر پڑھے غیب سے امداد ہوگی۔

کم از کم درجہ یہ ہے کہ روزانہ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے۔

حصول عزت کے لئے

يَا عَظِيْمُ ذَا الثَّنَاءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَالْمَجْدِ وَالْكِبْرِيَاءِ فَلَا يَزَالُ عِزُّهٗ يَا عَظِيْمُ

سولہ روز تک روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔

ظالم کے پنجہ سے رہائی کے لئے

روزانہ ننانوے مرتبہ درج ذیل دعا پر پابندی کرے۔

یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَةٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّةٍ وَمُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ
وَحْشَةٍ وَمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَةٍ وَرَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ

حصولِ فراخی

پوری سورہ نصر یعنی اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ طلوع صبح
صادق کے بعد چالیس مرتبہ پڑھا کرے، انشاء اللہ قرض ادا ہو جائے گا
اور کثیر آمدنی ہوگی۔

برائے فراخی رزق

اول و آخر درود شریف اور درمیان میں پانچ سو مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَلَهُ
الْکِبْرِیَاءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ

نوٹ: یہ آیت سورہ جاثیہ کے آخر میں ہے۔

برائے ازالۂ مرض

جو شخص مریض ہو اور اس کا مرض بڑھتا چلا جائے اور مرض کی تشخیص
نہ ہو اس کو چاہیئے کہ اول تازہ وضو کرے اور دو رکعت اس طرح پڑھے
کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اِنَّا اَعْطَیْنَا گیارہ مرتبہ پڑھے،
دو رکعت سے فارغ ہو کر اول سو مرتبہ درود شریف پڑھے، پھر

قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ ایک ہزار مرتبہ اور یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ایک ہزار مرتبہ اور پھر آخر میں سو مرتبہ درود شریف پڑھے
انشاء اللہ شفا ہوگی۔

برائے اجرائے بول

اگر کسی کا پیشاب بند ہو جائے یہ لکھ کر گردن میں بندھوا دے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ
نَّهَارٍ بَلٰغٌ فَهَلْ یُهْلَکُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ

انشاء اللہ پیشاب جاری ہو جائیگا۔

برائے درد عرق النساء

یہ کلمات لکھ کر درد کی جگہ پر باندھے جائیں۔

اَیَّتُهَا الْعِرْقُ النَّابِتُ فِی الْجِسْمِ الَّذِیْ یَمُوْتُ مُتْ مُتْ
مُتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ

برائے دفع چیچک

اگر مندرجہ ذیل آیت کا تعویذ گلے میں ہو چیچک ہرگز نہ نکلے۔ اگر نکل آئی
ہو تو تعویذ کو دھو کر پلائے بفضل تعالیٰ شفا ہوگی۔ آیت یہ ہے۔

بَلْ اِیَّاهُ تَدْعُوْنَ فَیَکْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَیْهِ
اِنْ شَاءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِکُوْنَ

برائے مقہوری اعداء

بعد نماز عشاء دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ فیل سات مرتبہ پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ کو ظُلْمًا تک چالیس مرتبہ پڑھے انشاء اللہ دشمن چلا جائیگا۔

برائے حل مشکلات

سورہ قریش یعنی لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ کو مداومت کے ساتھ روزانہ ستر بار پڑھے انشاء اللہ مشکلات حل ہوں گی۔ اور اسم ذات اللہ کو حل مشکلات کے لئے چار ہزار پانچ سو مرتبہ روزانہ رات کے وقت پڑھنا اکسیر ہے۔

عملیات

از مفتی دین محمد خان صاحب

دعائے کشائش رزق

جو شخص روزی سے تنگ ہے یا مقروض ہونے کی وجہ سے پریشان ہے ایسے شخص کو چاہیئے کہ وہ چالیس روز تک بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رو تنہائی میں بیٹھ کر آنکھیں بند کرے اور چار سو مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھے۔ اگر ناغہ ہو جائے تو دن میں قضا کرے اور مطلوب کے حاصل ہونے کے بعد بھی ہمیشہ پڑھتا رہے انشاء اللہ رزق سے بے فکر رہے گا۔ (مجرب ہے)

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مِنْ جَمِیْعِ جُرْمِیْ وَظُلْمِیْ وَاِسْرَافِیْ عَلٰی نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ ط

نسبت میں کامیابی کے لئے

جس شخص کی کنواری لڑکی ہو اور کوئی شخص اس کی نسبت کے لئے پیغام نہ دیتا ہو تو وہ تازہ وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر مذکورہ مقصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے سو مرتبہ یَا لَطِیْفُ پڑھے

انشاء اللہ ایک ماہ میں مقصد میں پورا ہو جائیگا۔ کم ازکم ایک ماہ عمل جاری رکھے

امتحان میں کامیابی کے لئے

اگر کسی طالب علم کو نتیجۂ امتحان کے بارے میں تشویش ہو تو وہ تین روز ایک نشست میں روزانہ باوضو قبلہ رو بیٹھ کر گیارہ ہزار مرتبہ یَا حَسِیْبُ پڑھے انشاء اللہ نتیجہ حسب مراد نکلے گا۔

چور وغیرہ سے مکان کی حفاظت کیلئے

رات کو سوتے وقت یہ آیت پڑھ کر سو جائے۔ اگر چور گھر میں داخل بھی ہو جائیگا تو مال کو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰہَ اَوِادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط اَیًّامَّا تَدْعُوْا فَلَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ط وَلَا تَجْھَرْ بِصَلَاتِکَ وَلَا تُخَافِتْ بِھَا وَابْتَغِ بَیْنَ ذٰلِکَ سَبِیْلًا ط

مزمن امراض کے لئے

وہ دائم المرض شخص جس کی بیماری کسی طرح دور نہ ہوتی ہو یہ دعا ہمیشہ پڑھا کرے انشاء اللہ صحت نصیب ہوگی۔

تَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْہُ تَکْبِیْرًا ط

حصول اولاد کے لئے

اگر کسی کے یہاں اولاد نہ ہوتی ہو یا زندہ نہ رہتی ہو تو اس عمل کو کرے حُمَّ الْاَمْرُ وَجَاءَ النَّصْرُ ابتدائی مہینہ میں چاند نکل آنے کے بعد نو دن تک نماز مغرب کے بعد پڑھے۔ ایک سیب اپنے سامنے رکھ لے اور نو سو مرتبہ یہ عمل پڑھا جائے اور پڑھ کر سیب پر دم کر دیا جائے پھر یہ سیب خاوند بیوی نصف نصف کھالیں۔ اسی طرح نو دن تک نو سیب کھائیں اور دل میں یہ خیال جمایا جائے کہ اگر اولاد نہ ہوتی ہو تو خدا اولاد دے۔ اگر زندہ نہ رہتی ہو تو خدا زندہ رکھے۔

بہت مفید و مجرب عمل ہے۔

استخارہ صحیحہ

اس کے بعد شاید ہی کوئی استخارہ تیر بہدف ہو۔ جو شخص اپنے کسی کام میں متردد ہو اور وہ اس کا انجام معلوم کرنا چاہتا ہو کہ اچھا ہے یا برا، اس کو چاہیئے کہ بعد نماز عشاء تازہ وضو کر کے پاک بستر پر بیٹھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر دس بار سورہ فاتحہ گیارہ بار سورہ اخلاص اور آخر میں تین بار درود شریف بھیج کر داہنی کروٹ قبلہ رو سو جائے۔ انشاء اللہ خواب میں انجام معلوم ہو جائے گا۔ اگر تعبیر سمجھ میں نہ آئے تو کسی نیک اور سمجھ دار شخص سے تعبیر معلوم کرے۔

ازالۂ تفکرات کی دعاء

روز شب میں ایک سو ایک مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھی جائے

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ

ازالۂ نظر بد کے لئے

یہ آیت پڑھ کر بچے پر دم کیا جائے یا زعفران سے لکھ کر گلے میں پہنائی جائے

وَمَا اُغْنِیْ عَنْکُمْ مِّنَ اللّٰہِ مِنْ شَیْءٍ ط اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَعَلَیْہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ ط

یاد رکھیے کہ

عملیات کی تاثیر طہارت ظاہری و باطنی، اکل حلال و صدق مقال نیز معاصی سے اجتناب پر موقوف ہے اور متعینہ وقت کی رعایت بھی ضروری ہے

مَسْنُوْن

اور

مُسْتَحَبْ دُعَائیں

جب صبح ہو تو یہ دعا پڑھی جائے

۱۔ اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

۲۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ فَتْحَهٗ وَنَصْرَهٗ وَنُوْرَهٗ وَبَرَكَتَهٗ وَهُدَاهُ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ

جب شام ہو تو یہ دعا پڑھی جائے

اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

صبح اور شام کے وقت پڑھنے کی دعا

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص صبح وشام یہ کلمات پڑھ لیا کرے اسے کوئی چیز ضرر نہ پہنچائیگی اور نہ وہ آفت ناگہانی سے دوچار ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (بخاری شریف)

سوتے وقت پڑھے

۱۔ اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

۲۔ اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى

جب سوکر اٹھے

۱۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ

۲۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ

تہجد کے لئے بیدار ہونے کے بعد

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ حَقٌّ وَلِقَاءُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ حَقٌّ اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ فَاغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ ۔

بیت الخلاء جاتے وقت

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

مشکوٰۃ شریف میں ہے کہ بسم اللہ شیطانوں کی آنکھوں اور انسانوں کی
شرم گاہوں کے درمیان حجاب بن جاتی ہے۔

بیت الخلاء سے نکلتے وقت

غُفْرَانَکَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ

اذان کے بعد کی دعاء

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ
اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ
وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا
شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط

نماز فجر اور مغرب کے بعد سات مرتبہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ ط

قنوت نازلہ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپؐ نے مصائب اور
حوادث کے زمانے میں صبح کی نماز میں قنوت نازلہ پڑھی ہے۔ اس کی ترکیب
یہ ہے کہ امام نماز فجر میں دوسری رکعت کے رکوع کے بعد کھڑا رہے۔
امام اور مقتدی دونوں اپنے ہاتھ چھوڑے رکھیں۔ امام قنوت نازلہ پڑھے

اور مقتدی ہر جملہ کے اختتام اور سکوت پر آہستہ آہستہ "آمین" کہتے رہیں اور
دعا ختم ہونے کے بعد امام اور مقتدی دونوں سجدے میں جائیں۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اھْدِنَا فِیْمَنْ ھَدَیْتَ وَعَافِنَا فِیْمَنْ عَافَیْتَ وَتَوَلَّنَا
فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ وَبَارِکْ لَنَا فِیْمَا اَعْطَیْتَ وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَیْتَ فَاِنَّکَ
تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ اِنَّہٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ وَلَا یَعِزُّ مَنْ
عَادَیْتَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ نَسْتَغْفِرُکَ وَنَتُوْبُ اِلَیْکَ وَصَلَّی اللّٰہُ
عَلَی النَّبِیِّ الْکَرِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَ
الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِھِمْ
وَانْصُرْھُمْ عَلٰی عَدُوِّکَ وَعَدُوِّھِمْ اَللّٰھُمَّ قَاتِلِ الْکَفَرَۃَ الَّذِیْنَ
یَجْحَدُوْنَ اٰیٰتِکَ وَیُکَذِّبُوْنَ رُسُلَکَ وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِکَ وَیُقَاتِلُوْنَ
اَوْلِیَاءَکَ اَللّٰھُمَّ انْصُرِ الْاِسْلَامَ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَاخْذُلْ اَعْدَائَھُمُ
الْیَھُوْدَ وَالنَّصَارٰی وَالْمُشْرِکِیْنَ اَللّٰھُمَّ شَتِّتْ شَمْلَھُمْ وَمَزِّقْ
جَمْعَھُمْ وَدَمِّرْ دِیَارَھُمْ وَخَالِفْ بَیْنَ کَلِمَتِھِمْ وَامْحُ اٰثَارَھُمْ
وَاقْطَعْ دَابِرَھُمْ وَاَنْزِلْ بِھِمْ بَاْسَکَ الَّذِیْ لَا تَرُدُّہٗ عَنِ الْقَوْمِ
الْمُجْرِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اَھْلِکْھُمْ کَمَا اَھْلَکْتَ عَادًا وَّثَمُوْدَ ط اَللّٰھُمَّ
خُذْھُمْ اَخْذَ عَزِیْزٍ مُّقْتَدِرٍ ط

روزہ افطار کرتے وقت

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ

بعد افطار یہ دعا پڑھے

ذَهَبَ الظَّمَاءُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْشَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى

دعا نماز تراویح

ہر چار رکعت کے بعد جلسہ استراحت کے وقت یہ دعا پڑھے۔

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ
وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِیْ لَا يَنَامُ
وَلَا يَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ اَللّٰهُمَّ
اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ ؕ

دعا طعام

یہ دعا پڑھ کر کھانا شروع کرے۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ
اور کھانے سے فراغت کے بعد پڑھے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَ
سَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

قرض کی ادائیگی کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

نماز حاجت

حضرت عبداللہ بن اوفی رض سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا۔ جسے کوئی حاجت پیش آئے تو وہ اچھی طرح وضو کرے اور دو رکعتیں
ادا کرنے کے بعد حمد و صلوٰۃ میں مصروف ہو اور بایں الفاظ دعا مانگے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ
مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ
لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِیَ لَكَ رِضًا
اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ

قربانی کی دعا

ذبح سے پہلے پڑھے۔ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْيَایَ
وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا
مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ لَكَ وَمِنْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ
اور ذبح کے بعد یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْهُ مِنِّیْ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ
خَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ وَحَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

نوٹ: اگر قربانی میں کئی شریک ہوں تو بجائے مِنِّیْ لفظ مِنْ
کہہ کر ان کے نام لے۔

عقیقہ کی دعا

ذبح سے پہلے اِنِّیْ وَجَّهْتُ آخر تک قربانی والی دعا پڑھ کر جانور
کو ذبح کرے اور پھر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ عَقِيْقَةُ ......
تَقَبَّلْهَا كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ وَّخَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِمَا

الصلوٰۃ والسلام دمُھا بدمِہٖ لحمُھا بلحمِہٖ شعرُھا بشعرِہٖ
عظمُھا بعظمِہٖ ط

نوٹ: لفظ ھٰذِہٖ عقیقۃُ کے بعد اس کا نام لے جس کا عقیقہ ہے۔

برائے مقہور اعداء

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ
نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ط جب کوئی مشکل درپیش ہو یا دشمن
اور بدخواہ کا خطرہ ہو تو ایسے موقع پر یہ دعا پڑھتے جائیں ساتھ ساتھ
اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰہِ کی پوری سورت پڑھیں انشاء اللہ ہر شر سے حفاظت
ہوگی اور دشمن ناکام ہوگا۔

جان و مال اور اہل و عیال کی حفاظت کے لئے

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ عَلَیْہِ
تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ
بِالْعِبَادِ ط مذکورہ دعا ہر وقت ورد زبان رکھے ہر خطرے کے موقع پر مؤثر
ترین دعا ہے۔

مسافر کو رخصت کرتے وقت پڑھے

اَسْتَوْدِعُ اللّٰہَ دِیْنَکُمْ وَاَمَانَتَکُمْ وَخَوَاتِیْمَ عَمَلِکُمْ

پہلا چاند دیکھ کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ

وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللّٰہُ

اگر بچہ بیمار ہو جائے یا نظر لگ جائے تو پڑھ کر دم کرے

بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْكَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُؤْذِیْكَ وَعَیْنُ اللّٰہِ یَشْفِیْكَ
بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْكَ ط

ہر قسم کے درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھے اور دم کرے

اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ

بچوں کو نظر بد اور تمام آفتوں سے محفوظ رکھنے کے لئے صبح و شام
پڑھ کر دم کرے

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ
وَّھَامَّۃٍ وَّمِنْ شَرِّ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّۃٍ

ہر نماز کے بعد سر پر داہنا ہاتھ رکھ کر پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ
اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّی الْھَمَّ وَالْحُزْنَ

چند متفرق اور مؤثر دعائیں

اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ
الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ

(۲)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

(۳)

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

(۴)

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِیْ مِنَ الرِّیَاءِ وَلِسَانِیْ مِنَ الْكِذْبِ وَعَیْنِیْ مِنَ الْخِیَانَةِ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ

(۵)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عِلْمٍ لَایَنْفَعُ وَقَلْبٍ لَایَخْشَعُ وَدُعَاءٍ لَایُسْمَعُ وَنَفْسٍ لَاتَشْبَعُ

(۶)

رَبَّنَا لَاتُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

(۷)

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

تمت

مطبوعات کتب خانہ حسینیہ، دیوبند یوپی

کتاب	تفصیل	قیمت
المعجم الوسیط	عربی ڈکشنری	220/-
القاموس الجدید	عربی اردو اضافہ شدہ	110/-
القاموس الجدید	اردو عربی اضافہ شدہ	125/-
جدید عربی ایسے بولئے		25/-
القراۃ الواضحہ	جزاوّل	15/-
القراۃ الواضحہ	جزدوم	18/-
القراۃ الواضحہ	جزسوم	22/-
نحو قاسمی		30/-
توضیح المنطق		16/-
تفسیروں میں اسرائیلی روایات		70/-
اسلام اور جدت پسندی		30/-
اسالیب الانشاء	عربی ادب	20/-
المختارات الصحفیہ	عربی ادب	10/-
اکابر کے مجرب عملیات		
مجموعہ القصص الادبیہ		
ہمارے عائلی مسائل		40/-
شرح القراۃ الواضحہ	جزاوّل	15/-
شرح القراۃ الواضحہ	جزدوم	20/-
شرح القراۃ الواضحہ	جزسوم	24/-
شرح نفحۃ الادب		25/-
شرح دیوان متنبی		80/-